# آئندہ شماروں کی جھلکیاں

☆ ہفتہ روزہ ''اخلاقی جنگ'' سب سے زیادہ اشاعت والے اخبار سے مقابلے کے لیے میدان میں کیوں آیا؟ کیا یہ منصوبہ وزیراعظم ہاؤس اسلام آباد میں بے نظیر بھٹو کی زیرنگرانی تیار ہوا تھا جس کا مقصد جنگ کو سبق سکھانا تھا یا پیپلز پارٹی سندھ کے جنرل سیکریٹری اقبال یوسف کی ذاتی اپچ تھی؟ اخلاقی جنگ میں میر خلیل الرحمان کے تہلکہ خیز انٹرویو نے اخباری حلقوں میں میر صاحب کی ساکھ کو کتنا دھچکا پہنچایا؟ صدر غلام اسحاق خان اور بے نظیر بھٹو نے اخلاقی جنگ کی اشاعت پر کس ردعمل کا اظہار کیا؟ اخلاقی جنگ کی اشاعت کتنی تھی؟ عدالت عالیہ سندھ میں میر صاحب کے مقدمے کی روداد اور چند اندرونی کہانیاں جو صحافت کے خفیہ در و بام کی جھلکیاں دکھاتی ہیں۔

☆ سب سے زیادہ اشاعت والے اخبار کا اسلامی صفحہ کیوں نکالا گیا؟ اس صفحے کی سرپرستی و نگرانی کے لیے مولانا یوسف لدھیانوی کو کیوں منتخب کیا گیا؟ کس عورت کو قادیانی سے مسلمان بنانے کا سہرا حضرت مولانا یوسف لدھیانوی کے سر جاتا تھا؟ قادیانی عالم اور مولانا یوسف لدھیانوی کے درمیان ہونے والا مناظرہ میر خلیل الرحمان کی خواہش پر کیوں منعقد کیا گیا تھا؟ اس مناظرے کی کیسٹ میر شکیل الرحمان صاحب پابندی سے کیوں سنتے تھے؟ اس مناظرے کے نتیجے میں کس کی زندگی اور کس کی دنیا بدل گئی اور کس کو کیا مل گیا؟ دل دماغ اور دنیا بدل دینے والے ان ایمان افروز لمحات کی تاریخی روداد ماہنامہ الرشید کے مرحوم مدیر حافظ عبدالرشید ارشد کی یادداشتوں سے
[واضح رہے کہ حافظ عبدالرشید ارشد اور مولانا یوسف لدھیانوی نے ایک ہی مدرسے میں تعلیم حاصل کی تھی]

☆ جنگ یونین کے صدر ظفر رضوی اور محمود علی اسد مرحوم کی یادداشتیں کس کی ملکیت میں ہیں ان یادداشتوں میں کیا کیا کچھ لکھا ہے اور یہ یادداشتیں کیوں شائع نہ ہوسکیں؟

☆ سب سے زیادہ اشاعت والے اخبار میں ٹریڈ یونین تحریک کیوں دم توڑ گئی؟ محمود علی اسد، ظفر رضوی سے لے کر عبدالحمید چھاپرا و محمود مدنی تک ٹریڈ یونین تحریک نے کتنے راستے بدلے کن مشکلات کا سامنا کیا اور آخر کار کس طرح دائیں اور بائیں بازو کے صحافی انتظامیہ کا حصہ بن گئے؟ اخبارات میں مزدور تحریک کی قیادت صحافیوں سے نکل کر کاتبوں، پروف ریڈروں اور غیر عامل صحافیوں میں کیوں منتقل ہوگئی؟

☆ جنگ کوئٹہ کے بلوچ ملازمین اور میر جاوید الرحمان کے درمیان اختلافات جب ہڑتال تک پہنچے اور NIRC نے ہڑتال کو غیر قانونی قرار دے دیا اور ہڑتالی کارکنوں کی گرفتاری اور عدالت میں پیشی کا حکم دیا تو وارنٹ کی تعمیل ہڑتالی کارکنوں پر کیوں نہ ہوسکی؟ نواب اکبر بگٹی نے وارنٹ کی تعمیل سے کیوں انکار کیا؟ نواب اکبر بگٹی کے گھر پر میر جاوید رحمان کو کیوں طلب کیا گیا؟ نواب بگٹی اور میر جاوید الرحمان کے درمیان کیا گفتگو ہوئی کیا طے پایا؟......
حکومت بلوچستان نے جنگ کے مالکان اور میر خلیل الرحمان پر دباؤ ڈالنے کے لیے چیف سیکریٹری ایس آر پونیگر کو جنگ کے ہڑتالی کارکنوں کے ساتھ خصوصی طیارے میں کراچی کیوں بھیجا؟ جعفر برادرز کے کمیٹی روم میں اے آر پونیگر اور جنگ کے ہڑتالی کارکنوں کے کیا مذاکرات ہوئے کیا طے پایا؟ چیف سیکریٹری نے جنگ کو اور NICR کو کیا ہدایات جاری کیں؟ جنگ کی انتظامیہ نے حکومت بلوچستان کے سامنے کیوں گھٹنے ٹیکے۔

☆ میر خلیل الرحمان پر شمس حنفی مرحوم نے انگریزی زبان میں ایک کتاب تحریر کی تھی، اس کتاب کے ایک باب کا ترجمہ، یہ کتاب لندن سے شائع ہو رہی تھی لیکن شائع نہ ہوسکی کتاب سے متعلق شمس حنفی کی وہ باتیں جو ابھی تک منظر

عام پر نہیں آئیں۔

☆روزنامہ جنگ سے جاوید چانڈیو کا اخراج کیوں ہوا؟ بہاء الدین زکریا یونیورسٹی کے استاد جاوید چانڈیو روزنامہ جنگ کے صفحات پر پنجاب اور اہل پنجاب کے خلاف کیا زہر اگل رہے تھے؟ سرائیکی عصبیت کی خاطر جنگ کا میگزین نذیر لغاری اور جاوید چانڈیو کے ذریعے کس طرح استعمال کیا جا رہا تھا؟ کالا باغ ڈیم کے بارے میں تحریر کی گئی ایک خفیہ سرکاری رپورٹ جاوید چانڈیو نے سرقہ کر کے اپنے نام سے کیوں شائع کی تھی؟

☆روزنامہ جنگ کی ملازمت کے دوران اویس گوہر کن تلخ تجربات سے گزرے، تلخ تجربوں کی داستان ان کے قریبی احباب نے کیوں رقم نہیں کی۔ ایک داستان جو رقم ہوئی وہ شائع کیوں نہ ہو سکی؟

☆ نثار احمد زبیری نے اخبار جہاں اور جنگ میں گزرے ہوئے طویل مہ و سال پر مشتمل ایک تاریخی ناول تحریر کرنے کا اعلان اپنے احباب میں بارہا کیا لیکن اٹھارہ برس کا عرصہ گزر جانے کے باوجود وہ ناول تحریر نہیں کیا جا سکا اس ناول کا خاکہ کیا تھا؟ اس خاکے میں نثار زبیری کس طرح رنگ بھرنا چاہتے تھے؟ یہ رنگ کیوں نہ بھرا جا سکا؟ نجی محفلوں میں جنگ اور میر خلیل الرحمان سے متعلق سینکڑوں تاریخی واقعات سنانے والے نثار زبیری ان واقعات کو تحریر کرنے سے کیوں گریزاں رہے؟

☆جنگ لاہور کے سیکریٹری جنرل جمیل قیصر، صدر قدرت اللہ چوہدری اور اظہر مسعود کو جنگ سے کیوں برطرف کیا گیا؟ برطرف کیا گیا یا خود چلے گئے یا مجبور ہو گئے ان لوگوں کا جرم کیا تھا؟

☆جنگ سپریم کونسل کے مرحوم سربراہ مشتاق سدھن کی ادھوری یادداشتیں۔

☆اس تاریخی انکوائری کی روداد جس کے انکوائری آفیسر واجد شمس الحسن تھے جنگ یونین کے جنرل سیکریٹری اور سپریم کونسل آف جنگ سی بی ایز یونین کے سیکریٹری جنرل کے خلاف افطاری نہ ملنے پر جاری کیے گئے احتجاجی ہینڈ بل پر ہونے والی انکوائری کیوں مکمل نہ ہو سکی؟ واجد شمس الحسن نے اس انکوائری کو طول دینے اور ناکام بنانے اور مزدوروں کے نمائندے کے خلاف کوئی فیصلہ نہ دینے کے لیے کن خوبصورت مراحل کا انتخاب کیسے کیا؟

☆ دادا عشرت کیا جنگ ہندوستان کے اصل مالک تھے؟ کیا دادا عشرت جنگ کراچی کے حصہ دار تھے؟ عمران علی زیدی نے شعبۂ صحافت ایم اے میں تحقیقی صحافت کے پرچے کے لیے ''رئیس امروہوی'' کی شخصیت حیات و خدمات پر لکھے جانے والے تحقیقی مقالے میں دادا عشرت اور رئیس امروہوی کے انٹرویو کر کے بعض تاریخی انکشافات کیے تھے۔ یہ مقالہ کیوں شائع نہ ہو سکا؟ وہ انکشافات کیا تھے؟ مقالہ کس کی تحویل میں ہے؟

☆''دی نیوز'' کے اجراء کے لیے جنگ کے چیف ایگزیکٹو نے لاہور اور راولپنڈی کے ملازمین کے پراویڈنٹ فنڈ سے خطیر رقم کیوں حاصل کی؟ پاکستانی قوانین کے تحت یہ جرم ہے اور ناقابل راضی نامہ کراچی جنگ کے عہدیداران نے پراویڈنٹ فنڈ سے خطیر رقم دینے سے انکار کیا لیکن پھر رقم دینے پر آمادہ کیوں ہوئے؟ جنگ کراچی یونین کے عہدیداروں کے نام میر جاوید کا وہ خط جس میں فنڈ دینے کی درخواست کی گئی کیا موجودہ قوانین کے تحت درست تھا؟ پراویڈنٹ فنڈ کمیٹی کے سیکریٹری خالد محبوب نے اس خطرے سے بچنے کے لیے سیکریٹری شپ سے استعفیٰ کیوں دیا؟

☆ظفر رضوی کے خلاف NICR میں جنگ یونین کے سیکریٹری کی جانب سے دائر کیے گئے مقدمے کی روداد پہلی مرتبہ منظر عام پر۔

☆ حکومت سندھ میں پیپلز پارٹی کے وزیر جیل خانہ جات منظور وسان نے ۱۹۹۰ء میں جنگ یونین کے عہدیداروں کی حمایت کے لیے کس طرح مداخلت کی؟ نرسری پر صوبائی وزیر کے فلیٹ پر جب ظفر رضوی، نذیر لغاری، میر جاوید الرحمان مذاکرات کے لیے طلب کیے گئے تو منظور وسان وزیر جیل خانہ نے وفد کو کیا دھمکی دی؟ دھمکی سے بچنے کے لیے جنگ اخبار نے منظور وسان کی خبروں کی روزانہ چار پانچ کالمی اخباری سرخیاں کیوں لگائیں؟ وزیر اعلیٰ سندھ کی خبروں سے زیادہ منظور وسان کی خبروں کو نمایاں کیوں کیا گیا؟

☆ میر خلیل الرحمان اور مسلم لیگی رہنما ایم اے قریشی [اسلامیہ کالج] میں خبروں کی اشاعت پر کیا اختلاف ہوا تھا؟ ایم اے قریشی نے جنگ کی لوح کے ساتھ اپنا اخبار امن بلڈنگ میں کیوں شروع کیا؟ ایم اے قریشی کے غنڈوں نے جنگ اخبار نیو چالی سے کیسے چھینا اور شہر میں اس کی ترسیل و تقسیم کس طرح معطل کر کے اپنے اخبار کو فروخت کیا؟ میر صاحب خاندان کا وفد لے کر ایم اے قریشی کے گھر پہنچے تو کیا گفتگو ہوئی؟ ایم اے قریشی کو رام کرنے میں کس نے کیا کردار ادا کیا اس تنازعہ کا انجام کیا ہوا؟ تاریخی حقائق نقاب الٹتے ہیں۔

☆ ہوٹل جیس میں فاران کلب کی اس تقریب کا حال جہاں اعجاز رحمانی کے نعتیہ مجموعے کی تقریب رونمائی کے صدر میر خلیل الرحمان تھے اور محمد صلاح الدین مدیر تکبیر مہمان خصوصی تب ایک نوجوان اچانک ہینڈ بل لے کر سیدھا میر خلیل الرحمان کے پاس پہنچا جس پر تحریر تھا کہ ''توہین رسالت کے مجرم کو تقریب کی صدارت سے ہٹا دیا جائے'' اس ہینڈ بل میں جنگ اخبار کے کیا کارنامے درج تھے، جن سے لوگ پہلی بار واقف ہوئے؟ اس ہینڈ بل میں کیا لکھا تھا؟ ہینڈ بل کی تقسیم کے بعد تقریب کا حال کیا ہوا؟ ایئر ایڈمرل ارشد نے پولیس کو کیوں طلب کیا؟

☆ ۱۹۸۸ء میں جنگ ایمپلائز یونین کی تقریب حلف برداری کی روداد جب تقریب کے دوران اچانک میر جاوید الرحمان اور میر خلیل الرحمان غصے واشتعال میں اٹھ کر چلے گئے ان کا خیال تھا کہ تقریب درہم برہم ہو جائے گی اور کم از کم انتظامی عملے کے لوگ تو اٹھ جائیں گے۔ لیکن سامعین تقریب میں سے ایک آدمی بھی نہیں اٹھا تب دونوں کو تقریب میں واپس آنا پڑا اور طبیعت خرابی کا عذر کیا گیا، اس تاریخی تقریب کا آنکھوں دیکھا حال وہ تقریر کیا تھی جس پر میر صاحب ناراض ہوئے۔

☆ ڈیلی نیوز کے مدیر آفاق خان کی زیر نگرانی اس انکوائری کی تفصیلی روداد جس میں میر خلیل الرحمان شکایت کنندہ اور گواہ کی حیثیت سے جنگ ایمپلائز یونین کے جنرل سیکریٹری کے خلاف انکوائری میں پیش ہوئے تھے۔ انکوائری کی چارج شیٹ، چارج شیٹ کے جواب میں جنگ یونین کے جنرل سیکریٹری کا ۷۵ صفحات پر مشتمل تاریخی خط جس میں ۴۰ تاریخی دستاویزات منسلک تھیں۔ انکوائری کے اس دن کی روداد جب میر خلیل الرحمان کے بیان پر یونین کے جنرل سیکریٹری نے ۸ گھنٹے تک مسلسل جرح کی اور آخر کار میر صاحب نے غصے میں آ کر فرمایا کہ ''تمہیں دیکھ لوں گا اب تم جنگ بلڈنگ کی سیڑھیاں کیسے چڑھتے ہو؟'' پھر ACM ساؤتھ کی عدالت میں اس کی دھمکی پر ہونے والی کارروائی کی تفصیلات۔

☆ میر خلیل الرحمان کے دفتر میں جنگ ایمپلائز یونین کے جنرل سیکریٹری کے ساتھ میر صاحب کی اس تاریخی گفتگو کی تفصیلات جو چارٹر آف ڈیمانڈ تسلیم کرنے کے نتیجے میں پیدا ہونے والے بحران کو حل کرنے کے لیے منعقد کی گئی جس میں ہمایوں عزیز، منصور رحمان، یونس ریاض، محمد سلیمان، میر خلیل الرحمان اور یونین کے دیگر عہدیداران شامل تھے۔ میر صاحب نے کیوں کہا کہ قرآن پر حلف اٹھاؤ جب جواب ملا کہ آیئے جنرل باڈی میں دونوں قرآن پر حلف اٹھائیں تو صورت حال کتنی پیچیدہ ہوگئی جس نے ایک اور تنازعے کو جنم دیا وہ تنازع کیا تھا؟

☆ میر جاوید الرحمان کے خلاف ACM ساؤتھ کی عدالت میں دفعہ J17 کے تحت دائر مقدمے کی تفصیلات۔